منتقلی: اگلا قدم

جب میرا بچہ تین سال کا ہو گا، تو کیا ہو گا؟

انڈیویجوئلز ود ڈس ایبلٹیز ایجوکیشن ایکٹ (*IDEA*) حصہ C کے تحت ارلی انٹروینشن سروسز سے منتقل ہونے کی رہنما ہدایات۔

واشنگٹن اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف ارلی لرننگ کی جانب سے فنڈ یافتہ، ارلی اسپورٹ فار انفینٹس اینڈ ٹاڈلرز پروگرام۔

Washington State Department of
CHILDREN, YOUTH & FAMILIES

تین سال کی عمر پر منتقلی کے بعد میرے بچے کے لیے کون سی سروسز دستیاب ہو سکتی ہیں؟

اس کا انحصار اس بات پر ہوتا ہے کہ آیا آپ کے بچے کو پری اسکول کی خصوصی تعلیم کی سروسز درکار ہیں یا نہیں۔ آپ کا اسکول ڈسٹرکٹ اس بات کا تعین کرے گا، کہ آپ کا بچہ پری اسکول میں خصوصی تعلیم کی سروسز کے لیے اہل ہے یا نہیں۔ اگر آپ کا بچہ اہل ہوا، تو سروس ترتیب دینے کے کئی انتخابات دستیاب ہو سکتے ہیں، جیسا کہ کمیونٹی پروگرام، ہیڈ اسٹارٹ، ارلی چائلڈ ہُڈ ایجوکیشن اینڈ اسسٹنس پروگرام (ECEAP) یا اسکول پر مبنی پری اسکول کے خصوصی تعلیم کے پروگرام۔ خصوصی تعلیم اور متعلقہ سروسز ایک انڈیویجوئلائیزڈ ایجوکیشن پروگرام (IEP) کے ذریعے فراہم کیے جائیں گی۔ FRC منتقلی کے منصوبہ کی میٹنگ کے بارے میں رابطہ کاری کرتا ہے۔ اسکول ڈسٹرکٹ آپ کے بچے کے IEP کو تیار کرنے کے لیے ایک ملاقات طے کرے گا۔

آپ اس بات کی درخواست کر سکتے ہیں کہ آپ کے FRC کو IEP میٹنگ میں دعوت دی جائے۔ آپ IEP میٹنگ پر معاونت کے لیے اپنے ساتھ کسی دوست، خاندان کے فرد یا اپنی مرضی کے کمیونٹی کسی دیگر رکن کو لا سکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس کوئی ڈیویژن آف ڈیولپمنٹل ڈس ایبلیٹز (DDD) کیس منیجر یا کوئی چلڈرن ود اسپیشل ہیلتھ کیئر نیڈز (CSHCN) کوآرڈینیٹر ہے، تو آپ انہیں بھی دعوت دے سکتے ہیں۔ ایک IEP میٹنگ کو آپ کے بچے کی تیسری سالگرہ سے پہلے ہونا چاہیے اور آپ کے بچے کی تیسری سالگرہ تک ایکIEP تیار ہونا چاہیے۔ IEP میٹنگز سالانہ طور پر طے شدہ ہوتی ہیں۔ تاہم، آپ کسی بھی ایسے وقت پر IEP میٹنگ کی درخواست کر سکتے ہیں، جب آپ یا اسکول کا عملہ سمجھتا ہے کہ آپ کے بچے کے پروگرام پر بات چیت کی ضرورت ہے۔

اگر میرا بچہ پری اسکول کی خصوصی تعلیم کی سروسز کے لیے اہل نہیں ہوتا، تو کیا ہو گا؟

اگر آپ کا بچہ پری اسکول کی خصوصی تعلیم کی سروسز کے لیے اہل نہیں ہے، توآپ کا FRC دیگر ایسے ممکنہ انتخابات کی شناخت کرنے کے لیے آپ کے ساتھ کام کرے گا، جو آپ کے بچے کے لیے دستیاب ہیں، جیسا کہ ہیڈ اسٹارٹ، ECEAP یا کمیونٹی کے دیگر پروگرام۔

منتقلی کے عمل میں آپ کا کردار کیا ہے؟

اس بارے میں تجاویز کہ آپ اپنے بچے اور خاندان کو آسانی سے منتقل ہونے میں کیسے مدد دے سکتے ہیں:

- اس بارے میں بات کر کے میٹنگ میں شمولیت اختیار کریں کہ آپ اپنے بچے کے لیے کیا چاہتے ہیں۔
- میٹنگز پر نوٹس بنائیں۔
- وسائل اور سروسز تلاش کریں۔
- اپنے بچے کی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کے بارے میں ایک نوٹ بک رکھیں۔ اپنے بچے کی پیدائش کا سرٹیفیکیشن، ٹیکوں کا ریکارڈ، طبی رپورٹس، تصاویر، معائنے، جائزے اور ماضی کے IFSPs شامل کریں۔ آپ کے بچے کی تصاویر حقائق اور معلومات کو ذاتی ضروریات کے مطابق بنانے میں مدد دیتی ہیں۔
- اپنے بچے کے لیے دلائل دینے میں کیا مددگار ہو سکتا ہے؟ آپ اس کی ضروریات کو بہترین طور پر جانتے ہیں۔ جانیں کہ اپنے بچے سے کیا توقع کرنے ہے اور اپنے بچے کے لیے ان خدمات کو حاصل کرنے کے لیے اسکول ڈسٹرکٹ اور IEP ٹیم کے ساتھ مل کر کام کریں۔

منتقلی کے بعد میرے اگلے اقدامات کیا ہوں گے؟

پوچھیں کہ آیا آپ کے ڈسٹرکٹ میں کوئی مقامی پیرنٹ ٹیچر اسٹوڈنٹ ایسوسیئیشن (PTSA) یا اسپیشل ایجوکیشن پیرنٹ ایڈوائزری کاؤنسل (SEPAC) موجود ہے۔ پوچھیں کہ آیا ڈسٹرکٹ میں کوئی فیملی سروسز ورکر، سوشل ورکر یا اسکول سائیکالوجسٹ ہے، جو آپ کو خدشات ہونے کی صورت میں مدد فراہم کر سکتا ہو۔ یاد رکھیں کہ آپ، بطور والدین، خود اور ساتھ ہی ساتھ آپ کا بچہ بھی، معاونت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں، جبکہ آپ کا خاندان منتقلی کے عمل سے گزر رہا ہو۔

ہمیں دیگر کون سی معلومات جاننے کی ضرورت ہے؟

اگر آپ کا بچہ DDD کے لیے موجودہ طور پر اہل ہے، تو آپ کے بچے کے چار سال کے ہونے سے پہلے سروسز کے لیے اہلیت کا دوبارہ تعین کیا جانا چاہیے۔ منتقلی کے اس عمل کے دوران آپ کے لیے ارلی انٹروینشن کے جائزے، منتقلی کی معلومات اور اسکول کے معائنے کی رپورٹ DDD کے ساتھ شریک کرنا اہم ہے۔ DDD کو یہ معلومات جاری کرنے کے لیے آپ کی رضامندی منتقلی کی منصوبہ بندی کی میٹنگ کے دوران اسکول ڈسٹرکٹ سے حاصل کی جا سکتی ہے۔ اگر آپ کے بچے کی اہلیت کو جاری رکھنے کا تعین کرنے کے لیے معلومات وصول نہ ہوئی، تو آپ کے بچے کو چار سال کی عمر پر DDD سروسز سے نکال دیا جائے گا۔

منتقلی کیا ہے؟

جب آپ کا بچہ تین سال کا ہوتا ہے، تو ارلی انٹروینشن سروسز اور نئی سروسز اور معاونتیں دستیاب ہو سکتی ہیں۔ تبدیلی کا عمل ان کئی منتقلیوں میں سے ایک ہے، جو آپ کی زندگیوں کے دوران آپ کے بچے اور خاندان کے ساتھ ہوں گی۔

آپ کے بچے کی تیسری سالگرہ سے چھ سے نو مہینے پہلے، آپ اپنے فیملی ریسورسز کوآرڈینیٹر (FRC) اور اپنی ٹیم کے ساتھ مل کر پری اسکول کی خصوصی تعلیم کی سروسز یا دیگر ضروری سروسز اور معاونتوں میں منتقلی کے لیے منصوبہ بندی پر کام شروع کریں گے۔ خاندان اور سروس کے فراہم کنندگان اس عمل میں ایک ساتھ ایک ایسے سفر پر چلتے ہیں، جو منتقلی کی میٹنگ تک جاتا ہے۔

منتقلی کی میٹنگ کا مقصد کیا ہے؟

ایک IFSF میٹنگ کے دوران، آپ اور آپ کی ارلی انٹروینشن ٹیم آپ کو منتقلی کے عمل سے گزرنے میں رہنمائی فراہم کرنے کے لیے منتقلی کا ایک تحریری منصوبہ تیار کریں گے۔

انڈیویجوئلز ود ڈس ایبلٹی ایکٹ (IDEA) کا حصہ C آپ کے بچے کی تیسری سالگرہ سے پہلے منتقلی کے لیے ایک تحریری منصوبہ کا تقاضہ کرتا ہے۔

ہم منتقلی کے لیے کب منصوبہ بندی شروع کرتے ہیں؟

آپ کے بچے کی تیسری سالگرہ سے چھ سے نو ماہ پہلے:

منتقلی کی منصوبہ بندی شروع ہوتی ہے۔ آپ کا FRC تین سال کی عمر پر آپ کے بچے کی منتقلی کے لیے منصوبہ بندی شروع کرنے کے لیے آپ اور آپ کے اسکول ڈسٹرکٹ یا کمیونٹی پر مبنی دیگر پروگراموں کے درمیان رابطے کے لیے سہولت کار بنے گا۔

آپ کے بچے کی تیسری سالگرہ سے کم از کم تین مہینے پہلے، منتقلی کی منصوبہ بندی کی ایک میٹنگ رکھی جائے گی:

آپ میٹنگ کے حصے کے طور پر اسکول ڈسٹرکٹ کے کسی نمائندہ سے ملیں گے۔ وہ اس بارے میں وضاحت کریں گے کہ اس بات کا تعین کرنے کے لیے کیا ہو گا، کہ آپ کا بچہ پری اسکول میں خصوصی تعلیم کی سروسز کے لیے اہل ہے یا نہیں۔

إذاگر آپ کا بچہ اسکول ڈسٹرکٹ کے تعین کیے جانے کے بعد، پری اسکول میں خصوصی تعلیم کی سروسز کا اہل ہوتا ہے، تو سروسز ایک انڈیویجوئلائیزڈ ایجوکیشن پروگرام (IEP) کے ذریعے فراہم کی جائیں گی۔

اگر آپ پری اسکول میں خصوصی تعلیم کی سروس حاصل کرنا نہیں چاہتے، تو اسکول ڈسٹرکٹ کے نمائندے کے ساتھ میٹنگ طے نہیں کی جائے گی۔

آپ کا منتقلی کا منصوبہ کیا ہے؟

ایک منتقلی کا منصوبہ اس چیز کی شناخت کرتا ہے کہ تین سال کی عمر کے بعد جب آپ کا بچے اور خاندان ارلی انٹروینشن سروسز سے آگے بڑھے گا، تو اس میں آپ، آپ کا FRC اور آپ کی ارلی انٹروینشن ٹیم کیسے مدد کرے گی۔ یہ منصوبہ بیان کرتا ہے کہ جب آپ کا بچہ مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کے پری اسکول کے خصوصی تعلیم کے پروگرام یا کمیونٹی پر مبنی دیگر سروسز میں داخل ہوتا ہے یا معاونتوں اور سروسز میں سے نکلتا ہے، کیونکہ وہ مزید اہل نہیں ہے، تو کن معاونتوں، اقدامات اور سروسز کی ضرورت پڑے گی۔

میرے بچے کے لیے آگے کیا ہے؟

اپنے بچے کا منتقلی کا منصوبہ تیار کرنا:

آپ اور آپ کی ارلی انٹروینشن ٹیم منصوبہ تیار کرنے کے لیے ایک ساتھ کام کریں گے۔ اس ٹیم میں آپ، آپ کا FRC، ایسے لوگ جو ابھی آپ کے بچے کے ساتھ کام کرتے ہیں، دیگر افراد جنہیں آپ شامل کروانا چاہتے ہیں اور ایسے لوگ، جو آپ کے بچے کے مستقبل میں شامل ہو سکتے ہیں، شامل ہیں۔ یہ ٹیم آپ کے بچے کی پیش رفت اور ضروریات کو دیکھے گی۔ FRC ٹرانزیشن پلان کی تیار میں رابطہ کاری کا کام کرتا ہے۔

میں مزید مدد یا معلومات حاصل کرنے کے لیے کہاں جا سکتا/سکتی ہوں؟

دی ڈیپازرٹمنٹ آف چلڈرن، یوتھ، اینڈ فیملیز، ارلی سپورٹ فار انفینٹ اینڈ ڈوڈلرز(ESIT) پروگرام پوری ریاست میں پھیلے ہوئے IDEA حصہ C کی ارلی انٹروینشن کی سروسز کے نظام کو چلاتا ہے۔

360-725-3500

www.dcyf.wa.gov

مزید معلومات اور کسی فیملی ریسورس کوآرڈینیٹر (FRC) کی جانب ریفرل کے لیے، رابطہ کریں اپنے مقامی علاقہ میں کسی FRC نام کیلئے ہیلپ می گرو واشنگٹن (Help Me Grow Washington)۔

1-800-322-2588

کنڈرنگ سنٹر میں واشنگٹن اسٹیٹ فادرز نیٹ ورک۔ تمام مردوں اور خصوصی ضروریات کے حامل بچوں والے ان کے خاندانوں کے لیے معاونت اور وسائل کی حمایت کرتی ہے اور فراہم کرتی ہے۔

425-653-4286

www.fathersnetwork.org

PAVE پوری ریاست میں پھیلا والدین کے لیے تربیتی اور معلومات سنٹر ہے، جو پیدائش سے لے کے بلوغت تک کے معذوریوں کے حامل بچوں کے خاندانوں کو معاونت فراہم کرتا ہے۔

(800-5 PARENT) 1-800-572-7368

www.wapave.org

واشنگٹن پیرنٹ ٹو پیرنٹ پوری ریاست میں پھیلا ہوا والدین کا ایک نیٹ ورک ہے، جو ایسے والدین کو جذباتی معاونت اور معلومات فراہم کرتا ہے، جن کے بچے معذوریوں یا نشوونماتی تاخیروں کا شکار ہوں۔

1-800-821-5927

www.arcwa.org/parent-to-parent

آرک آف واشنگٹن معذوریوں کے حامل افراد اور ان کے خاندانوں کے لیے تعلیم، صحت، خود کفالت، خود وکالت، شمولیت اور انتخابات کو فروغ دیتی ہے۔

1-888-754-8798

www.arcwa.org

آفس آف سپرینٹینڈنٹ آف پبلک انسٹرکشن کے پاس ایسے بچوں کے خاندانوں کے لیے یہاں ایک مددگار ویب سائیٹ موجود ہے، جو خصوصی تعلیم اور متعلقہ سروسز حاصل کرتے ہیں: **www.K12.wa.us/SpecialEd/Families/default.aspx**

**The Washington State Department
of Children, Youth & Families
Early Support for Infants and Toddlers**

PO Box 40970
Olympia WA 98504-0970
فیکس: (360) 725-4925
وائس: (360) 725-3500
www.dcyf.wa.gov/services/child-development-supports/esit

تعصب تمام پروگراموں اور سرگرمیوں میں ممنوع ہے۔ کسی بھی شخص کو نسل، رنگ، مذہب، قومیت، قومی پس منظر، جنس، عمر یا معذوری کی بنیاد پر نکالا نہیں جانا چاہیے۔

اگر آپ متبادل دستاویز یا زبان میں اس دستاویز کی کاپیاں چاہتے ہیں تو براہ کرم رابطہ کریں*DCYF* حلقہ تعلقات *(1-800-723-4831 | 360-902-8060*، ***ConstRelations@dcyf.wa.gov***).

DCYF PUBLICATION FS_0004 UR | DEL 11-013 UR (01-2020)